# چیئرمین کا جائزہ

برائے سال مختتمہ 30 جون 2026

عزیز شیئر ہولڈرز

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے مجھے آپ کی کمپنی کے آڈٹ شدہ سالانہ مالی اسٹیٹمنٹس برائے سال مختتمہ 30 جون 2026 پیش کرتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے۔

سال کے دوران میں عالمی معاشیاتی ماحول میں کئی چیلنجز کا سامنا رہا جن کی وجہ سے شدید کاروباری تحفظ پسندی، جیوپولیٹیکل تناؤ اور توانائی اور مال برداری کی مارکیٹس میں تغیر پذیری ہیں۔ بلند ترین محصولات اور دیگر حفاظتی اقدامات سے، خاص طور پر اسٹیل کے شعبہ میں، مستحکم تجارتی سرگرمیوں میں رکاوٹ پیدا کی، قیمتوں میں اتار چڑھاؤ میں اضافہ ہوا اور بین الاقوامی مارکیٹس میں تقابلی تناؤ دیکھنے میں آیا۔ مشرق وسطیٰ کے تنازعات نے غیر یقینی کیفیت میں مزید اضافہ کیا جس میں توانائی کی مارکیٹس اور جہاز رانی کے راستوں کا بری طرح متاثر ہونا شامل ہے۔ اس شدید صورتحال کے پس منظر میں، عالمی سطح پر اسٹیل کی طلب میں کمی واقع ہوئی اور 2026 میں اس میں معمولی اضافے کی توقع کی جا سکتی ہے۔

پاکستان کی معیشت میں گزشتہ سال میں ہونے والا استحکام برقرار رہا، جس کو آئی ایم ایف پروگرام کے تحت کی جانے والی اصلاحات، بہتر زرمبادلہ کے ذخائر اور زیادہ بہتر میکرو اکنامک انتظام، نے سہارا دیا افراط زر میں گزشتہ بلند سطح کے مقابلے میں نمایاں طور پر معمولی کمی اور مالیاتی حالات میں سہولت سے کافی سہارا ملا جب کہ زرمبادلہ کی شرح نسبتاً مستحکم رہی۔ معاشی سرگرمیوں میں بھی بتدریج بہتری کے آثار نظر آئے۔ گزشتہ قریبی عرصے میں پاکستان کے خودمختار کریڈٹ پورٹ فولیو کو بہتر اصلاحات کے نفاذ اور ادارہ جاتی استحکام سے فائدہ ہوا۔ بہرحال، معیشت پر بیرونی توانائی کی قیمتوں کے دھچکے، عالمی تجارت کی تغیر پذیری اور مستحکم اسٹرکچرل اصلاحات کی کمی کے اثرات موجود رہے۔

ایسے ماحول میں بھی آپ کی کمپنی نے سال کے دوران میں بھرپور کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی نے 29.1 بلین روپے کی خالص فروخت ریکارڈ کی جب کہ بعد از ٹیکس منافع 1.603 بلین روپے ہوا اور فی شیئر آمدنی 12.16 روپے حاصل ہوئی جبکہ گزشتہ سال خالص فروخت 25.1 بلین روپے ہوئی تھی، بعد از ٹیکس منافع 1,104 بلین روپے تھا اور فی شیئر آمدنی 8.37 روپے تھی۔ اس بہتری سے ظاہر ہوتا ہے کہ ملکی سطح پر سیلز میں اضافہ ہوا، لاگت کی منظم مینجمنٹ، مضبوط مارجن کے ساتھ ذیلی کمپنیوں سے منافع منقسمہ کی آمدنی اور سرمایہ کاری سے آمدنی میں اضافہ ہوا۔

بورڈ اف ڈائریکٹرز نے حتمی منافع منقسمہ بحساب 5 روپے 50% برائے 10 روپے والے فی عمومی شیئر کے حساب سے ادا کرنے کی سفارش کی ہے جو عبوری نقد منافع منقسمہ بحساب 2.00 روپے فی شیئر 20٪ کے حساب سے اعلان شدہ اور پہلے سے ادا شدہ کے علاوہ ہے جس سے سال مختتمہ 30 جون 2026 کے لئے کل منافع 7 روپے 70% بنتا ہے (مالیاتی سال 2025 میں 4.00 روپے فی شیئر تھا)، جو سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی منظوری سے مشروط ہے۔

انٹرنیشنل انڈسٹریز لمیٹڈ اور اپنی بڑی ذیلی کمپنی انٹرنیشنل اسٹیلز لمیٹڈ (آئی ایس ایل) نے سال کے دوران مجموعی طور پر تقریباً 122.4 بلین روپے آمدنی حاصل کی اور قومی خزانے میں تقریباً 26.32 بلین روپے جمع کرائے۔ آئی ایس ایل نے 93.3 بلین روپے آمدنی حاصل کی، بعد از ٹیکس 3.67 بلین روپے منافع ہوا اور فی شیئر آمدنی 8.44 روپے ہوئی جب کہ اس کے مقابلے میں گزشتہ سال مجموعی آمدنی 62.3 بلین روپے، بعد از ٹیکس منافع 1.56 بلین روپے رہا اور فی شیئر امدنی 3.58 روپے تھی۔

## بورڈ اور انتظامیہ میں تبدیلیاں

موجودہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کا انتخاب 26 ستمبر 2025 کو تین سال کی مدت کے لئے ہوا تھا۔ سال کے دوران میں جناب شعیب میر نے بورڈ سے استعفیٰ دے دیا جس کے نتیجے میں خالی ہونے والی عارضی اسامی پر جناب عاصم رفیق کا تقرر کیا گیا، جو نیشنل انویسٹمنٹ ٹرسٹ لمیٹڈ (این آئی ٹی) کے نامزد کردہ تھے۔ کچھ عرصے بعد جناب عاصم رفیق نے بھی استعفیٰ دے دیا اور بورڈ کی بقیہ مدت کے لئے اگست 2026 میں اس عارضی اسامی پر این آئی ٹی کے مینیجنگ ڈائریکٹر جناب محمد اسد کا تقرر کیا گیا۔ بورڈ جناب شعیب میر اور جناب عاصم رفیق کی گرانقدر خدمات کا اعتراف کرتا ہے اور ان کی مستقبل میں کامیابیوں کا خواہشمند ہے۔ جناب یوسف ایچ مرزا کو 30 ستمبر 2025 سے آپ کی کمپنی کا دوبارہ چیف ایگزیکٹیو آفیسر مقرر کیا گیا ہے۔

## بورڈ کی کارکردگی اور گورننس

سال کے دوران میں بورڈ نے نہایت تندہی سے اپنی ذمہ داریاں ادا کیں، حکمت عملی کے تحت نگرانی فراہم کی، کاروباری اور انتظامی کارکردگی کی نگرانی کی اور رسک مینجمنٹ، گورننس اور طویل المدت اقدار کی تخلیق کے لئے کام کیا۔ تمام ڈائریکٹرز بشمول خودمختار ڈائریکٹرز، نے فعال طور پر غور و خوض کے ساتھ معاونت اور اشتراک سے فیصلہ سازی کی۔

میں، بطور چیئرمین، ایک آزادانہ ماحول کو پروان چڑھانے، تعمیراتی چیلنج اور احتساب کے عمل کے لئے پرعزم ہوں اور مجھے یقین ہے کہ بورڈ کو بروقت، متعلقہ اور جامع معلومات فراہم کی جائیں گی تاکہ موثر نگرانی اور فیصلہ سازی میں مدد مل سکے۔

کمپنی کا ایک مضبوط و موثر اندرونی کنٹرول نیٹ ورک موجود ہے جسے ایک خود مختار اندرونی آڈٹ کرتا ہے اور خدشات پر مبنی آڈٹ کا نقطہء نظر پیش کرتا ہے۔ بورڈ آڈٹ کمیٹی سہ ماہی کی بنیاد پر آڈٹ کی حاصل شدہ معلومات اور متفقہ اجتماعی کارروائی کی صورتحال کا جائزہ لیتی ہے اور بورڈ کو غوروخوض کے لئے پیش کرنے سے پہلے اہم کاروباری خدشات کی جانچ کرتی ہے۔

بورڈ، بورڈ آڈٹ کمیٹی اور ہیومن ریسورس اینڈ ریمونریشن کمیٹی کے لئے از خود جانچ کی سالانہ مشقیں منعقد کی گئیں جن کا مقصد ایک مستحکم بنیاد فراہم کرنا ہے جس کے ذریعے موثر گورننس، حکمت عملی کی نگرانی، خدشات کی مینجمنٹ اور اداراتی ترقی میں مسلسل بہتری کے لئے مواقع کی نشاندہی کی جائے۔

بورڈ آڈٹ کمیٹی، ہیومن ریسورس اینڈ ریمونریشن کمیٹی اور سسٹین ایبلیٹی کمیٹی کی صدارت بالترتیب خود مختار ڈائریکٹرز جناب حیدر رشید، جناب منصور خان اور جناب آصف جمعہ کرتے ہیں جبکہ میں اسٹریٹیجی کمیٹی کا صدر ہوں۔ یہ کمیٹیاں بورڈ کی نگرانی کی ذمہ داریوں میں تعاون فراہم کرتی ہیں۔ بورڈ کمپنی کی مالیاتی اور کاروباری کارکردگی کے جائزے کے لئے باقاعدہ سہ ماہی میٹنگ کرتا ہے۔

**مستقبل کا منظرنامہ**

آپ کی کمپنی مستحکم ترقی، تنوع اور منظم سرمایہ کاری کے لئے پرعزم ہے۔ سال کے دوران میں، آئی آئی ایل نے سی ایس ایف منرلز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ذریعے، جوچیراٹ سیمنٹ کمپنی لمیٹڈ اور شیرازی انویسٹمنٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ساتھ جوائنٹ وینچر ہے، پاکستان کے کان کنی کے شعبہ میں نئے مواقع حاصل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ آئی آئی ایل اس وینچر میں 33.33٪ حصص کی ملکیت اور 500 ملین روپے تک کی متوقع سرمایہ کاری کرنے میں دلچسپی رکھتا ہے جو منظور شدہ کاروباری منصوبے اور سرمایہ کاری کی شرائط سے مشروط ہے۔

آپ کی کمپنی انفرا اسٹرکچر اور ہاؤسنگ اپلی کیشنز کے لئے پولیمر پائپس اور فٹنگز پر دوبارہ توجہ دینے کے علاوہ یو پی وی سی پروڈکٹس کے دوبارہ اجرا کا ارادہ رکھتی ہے، جب کہ پی پی آر سی، ایچ ڈی پی ای اور پولیمر کے دیگر شعبہ جات کی ڈیولپمنٹ بھی جاری رکھے ہوئے ہے۔

مالی سال 2027 کا منظرنامہ محتاط اندازے کے مطابق مثبت ہے۔ مقامی معیشت کی سرگرمی اور انفرا اسٹرکچر میں سرمایہ کاری کی وجہ سے بتدریج بہتری اور طلب میں اضافہ میں معاون ہوگی، تاہم آپریٹنگ کی صورتحال پر مشرق وسطیٰ کے تنازعات، توانائی اور مال برداری میں اتارچڑھاؤ، عالمی سطح پر گنجائش سے زیادہ اسٹیل اور بڑھتی ہوئی تجارتی تحفظ پسندی کا اثر رہے گا۔ دی ورلڈ اسٹیل ایسوسی ایشن نے توقع ظاہر کی ہے کہ 2027 میں تقویت حاصل کرنے سے پہلے 2026 میں عالمی سطح پر اسٹیل کی طلب میں معمولی اضافہ ہوگا۔ یہ صورتحال مارکیٹ میں تنوع، قیمتوں میں مسابقت اور سرمایہ کی منظم تفویض کی اہمیت پر زور دیا۔ آپ کا بورڈ اور انتظامیہ دانشمندانہ مالیاتی مینجمنٹ، آپریشنز کی مہارت، جدت، استحکام اور منتخب حکمت عملی کے ذریعے کمپنی کی استقامت کو مضبوط تر کرنے پر بھرپور توجہ دے رہے ہیں۔ ایک مضبوط مقامی مارکیٹ کی پوزیشن کے ساتھ آئی آئی ایل، متنوع پروڈکٹ پورٹ فولیو اور بین الاقوامی سطح پر موجودگی میں اضافے کے ساتھ، ابھرتے ہوئے مواقع حاصل کرنے کی پوزیشن میں ہے جبکہ اپنے شیئر ہولڈرز کو طویل المدت مضبوط اقدار فراہم کررہی ہے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے میں اپنے شیئر ہولڈرز، کسٹمرز، ایمپلائز، بینکرز، سپلائرز اور بزنس پارٹنرز کے ہم پر مسلسل اعتماد، خلوص اور تعاون پر بے حد شکر گزار ہوں۔

**کمال اے چنائے**

چیئرمین

کراچی 20 اگست 2026